پریس ریلیز

# شیل پاکستان کی جانب سے کراچی میں استعمال شدہ پلاسٹک سے سڑک کی تعمیر

**پاکستان، کراچی، 03 جولائی، 2023:** شیل پاکستان نے، کراچی میں، شیل لیوبریکینٹ کے لیے استعمال ہونے والی پلاسٹک کی بوتلوں کو ری سائیکل کر کے ایک سڑک تعمیر کی ہے۔ شیل پاکستان نے بی آر آر انٹر پرائزز نامی اسٹارٹ اپ اور ڈسٹرکٹ میونسپل کارپوریشن (ساؤتھ) کے تعاون سے سڑک کی تعمیر مکمل کی، جس سے پلاسٹک کے فضلے کو کم کرنے اور ماحول دوست طریقوں کو فروغ دینے میں بھی مدد ملے گی۔

اس، 730 فٹ طویل اور 60 فٹ چوڑی سڑک کو، جس پر شیل ہاؤس بھی واقع ہے، 2.5 ٹن سے زائد شیل لیوبریکینٹ کی استعمال شدہ پلاسٹک کی بوتلوں سے تعمیر کیا گیا ہے۔ اسفالٹ روڈ کی تعمیر میں شیل لیوبریکنٹ کی استعمال شدہ بوتلوں کو خشک عمل کے ذریعے استعمال کیا گیا ہے جس سے پلاسٹک کے زیاں میں کمی ہوتی ہے۔ نان-بائیوڈیگریڈایبل اور زہریلا ہونے کے باعث پلاسٹ ماحولیات کے لیے بھی خطرناک ثابت ہوتا ہے۔ تحقیق کے مطابق ایک سادہ پلاسٹک بیگ کو گلنے میں 500 سال لگ سکتے ہیں جبکہ پلاسٹک کی بوتل گلنے کے لیے 300 سال کا عرصہ لے سکتی ہے۔

عام سڑکوں کے مقابلے میں پلاسٹک کی سڑکیں تین گنا زیادہ لچک دار اور پائیدار ہوتی ہیں اور ان کی عمر بھی تقریباً تین گنا طویل ہوتی ہے۔ مزید برآں، عام سڑکوں کی تعمیر کے لیے استعمال ہونے والا مواد بہت مہنگا ہوتا ہے جبکہ استعمال شدہ پلاسٹک تقریباً بلا قیمت ہوتا ہے جس سے سڑک کی تعمیراتی لاگت کئی گنا کم ہو جاتی ہے۔ یہ ایجاد نسبتاً زیادہ پائیدار ہے اور پلاسٹک کے کچرے کی صورت میں ہمارے سماج کو درپیش مسئلے سے نمٹنے میں بھی معاون ہے۔

کراچی میں اس نئی تعمیر شدہ سڑک کے افتتاح پر شیل پاکستان کے چیف ایگزیکٹو اور مینجنگ ڈائریکٹر، وقار صدیقی نے کہا: ”یہ پہلا موقع ہے جب ہم نے اپنی لیوبریکنٹس کی بوتلوں کو سڑک کی تعمیر کے لیے استعمال کیا ہے اور اس کا نتیجہ دیکھ کر مجھے حیرت آمیز خوشی ہوئی ہے۔ یہ جدید طریقہ پلاسٹک کے فضلے کو کم کرنے میں مدد دیتا ہے اور مستقبل میں، پاکستان کو، انفرااسٹرکچر کے ماحول دوست پروجیکٹس میں بھی مدد فراہم کر سکتا ہے۔ اس طرح کے مزید جدید سولوشنز کو جانچنے اور آزمانے کی ضرورت ہے اور مجھے امید ہے کہ یہ صاف ستھرے معاشرے کی تعمیر میں حصہ دار ثابت ہوں گے۔“

توانائی کی فراہمی میں شیل ذمہ دارانہ طریقے استعمال کرتا ہے۔ ہمارا مقصد ماحول پر کسی بھی منفی اثرات کو محدود کرنا اور کاربن سے پاک مستقبل کی جانب منتقلی میں مدد کرنا ہے۔ ہم موسمی تبدیلی کی اہمیت کو بھی تسلیم کرتے ہیں اور ساتھ ہی عمدہ معیار زندگی کے حصول اور اسے برقرار رکھنے میں لوگوں کی مدد میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔

☆☆☆